© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرۂ کتب

**علمارِ دیوبند اور مشائخ پنجاب** | ازمولانا محمد عبداللہ صاحب بھکر۔ صفحات ۶۳۔ قیمت ۳ روپے۔

پتہ: مکتبہ سیرت کمیٹی۔ مین بازار بھکر

امت کے افتراق اور تفرقہ وانتشار کے اس دور میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جو ملت کی وحدت کا سوچتے اور انہی خطوط پر قدم اٹھاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ جزائے خیر دے مولانا محمد عبداللہ صاحب کو جنہوں نے "علمار دیوبند اور مشائخ پنجاب" کے نام سے رسالہ لکھ کر امت کی وحدت اور اتحاد میں اپنی جانب سے پیش رفت کردی ہے اکابر علما دیوبند اور مشائخ پنجاب کی مساعی انگریز کے خلاف جہاد، ایک دوسرے پر اعتماد اس کتابچہ کا عنوان ہے خدا کرے کہ اس کے نتائج اچھے ہوں اور موصوف کی محنت بارآور ہو۔ (ع۔ق۔ح)

**رسالہ انسیہ (فارسی، اردو)** | "تالیف حضرت مولانا یعقوب چرخی قدس سرہ العزیز۔ تصحیح و ترجمہ۔ محمد نذیر رانجھا صفحات ۱۱۲۔ قیمت ۱۲ روپے۔ پتہ۔ مکتبہ سراجیہ خانقاہ احمدیہ سراجیہ موسیٰ زئی شریف ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

مولانا یعقوب چرخی، سلسلہ نقشبندیہ کے اعاظم اساطین سے ہیں۔ موصوف اس راہ و رسم کے شناور تھے حضرت چرخیؒ کے مقام، عظمت اور سلوک و تصوف میں دست گاہ وہی جانتے ہیں جنہیں اس راہ سے کچھ شناسائی ہے پیش نظر رسالہ موصوف کی تصنیف ہے جس میں حضرت نقشبندؒ اور حضرت عطارؒ کے بنیادی معمولات اور سلسلہ نقشبند کے فضائل بیان کئے گئے ہیں رسالہ کی اصل زبان فارسی ہے۔ مولانا محمد سعد سراجی مرشد بابا کے ذوق و خواہش پر جناب محمد نذیر رانجھا صاحب نے اس کا سلیس اور آسان اردو ترجمہ کردیا ہے جسے محترم مرشد بابا نے اعلیٰ و عمدہ کتابت اور زیورِ طباعت سے آراستہ کردیا ہے۔ (ع۔ق۔ح)

**فضیلت و اہمیت دعا** | ازمولانا جلال الدین صاحب حقانی فاضل حقانیہ۔ صفحات ۶۴، قیمت ۶ روپے

مولانا جلال الدین حقانی، دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فضلاء سے ہیں۔ اپنے زمانۂ طالب علمی میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے خصوصی خادم اور نماز کی امامت کا شرف بھی حاصل کرچکے ہیں۔ اور اس وقت بھیرہ شہر میں عظیم علمی و دینی اور مسلک کی اشاعت کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ پیش نظر رسالہ ان کے تصنیفی سلسلہ کا نقشِ ثانی ہے جو ماشاءاللہ



© rasailojaraid.com